# پرچہ نمبرا

جماعت : دسویں | پرچہ: اُردو
نمبرات: ۸۰ | وقت: ۳ گھنٹے

## حصّہ الف (قرات)

سوال نمبرا۔ مندرجہ ذیل غیر درسی عبارت کوغور سے پڑھنے کے بعد آخر پر دی گئی خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجیے۔ (5 = 5x1)

انسانی جسم کسی بھی دوسری مشین سے زیادہ پیچیدہ ہے۔ پھر بھی اسے مشین کے مقابلے میں روزانہ دیکھ بال کی کم ضرورت پڑتی ہے۔ کوئی بھی مشین وہ سب کام نہیں کرسکتی جو جسم کرتا ہے۔ کوئی بھی مشین 70 یا زیادہ سالوں تک صرف ہوا، پانی، خوراک اور کچھ سادہ سے اصولوں پر کام نہیں کرسکتی ہے۔ کوئی ایسی مشین نہیں بنی ہے جو انسانی جسم کی طرح اپنے آپ کو مختلف حالات کے مطابق ڈھال سکے۔ ہر شخص کو اپنے جسم کے بارے میں جاننے کی ضرورت ہے تا کہ اسے اجتماعی طور ٹھیک ڈھنگ سے چلانے کیلئے وہ اپنے جسم کے ہر حصّے کی دیکھ بال اور مدد کرسکے

ا۔ انسانی جسم کسی بھی دوسری م زیادہ ہے۔

۲۔ کوئی بھی مشین وہ سب کام نہیں کرسکتی جو ----- کرتا ہے۔

۳۔ کوئی بھی مشین 0 7 یا زیادہ سالوں تک صرف ہوا ، پانی، خوراک اور کچھ سادہ اصولوں پر ---- نہیں کرسکتی ہے۔

۴۔ کوئی ایسی مشین نہیں بنی ہے جو انسانی جسم کی طرح اپنے آپ کو مختلف حالات کے مطابق ---- سکے

۵۔ ہر شخص کو اپنے جسم کے بارے میں جاننے کی ضرورت ہے تا کہ اسے اجتماعی طور ٹھیک ----- سے چلانے کیلئے وہ اپنے جسم کے ہر حصّے کی دیکھ بال اور مدد کرسکے۔

سوال نمبر۲۔ درج ذیل شعری عبارت کو غور سے پڑھئے اور آخر پر اس سے متعلق دیے گئے سوالات کے جوابات چُن لیجیے۔ ( 5 = 1 5x )

سِن ہے جو کم تو پیاس کا صدمہ زیادہ ہے
مظلوم خود ہے اور یہ مظلوم زادہ ہے
یہ کون ہے بے زبان ہے تمہیں کچھ خیال ہے
در نجف ہے بانوے بے کس کا لال ہے

ا۔ کس کی عمر کم ہے؟
ا۔ علی اصغرؑ ۲۔ حضرت علی ۳۔ اِمام حسینؑ ۴۔ حضرت عباسؑ

۲۔ پیاس کا صدمہ کس کو زیادہ ہے؟
ا۔ حضرت زینبؑ ۲۔ حضرت عباسؑ ۳۔ علی اصغرؑ ۴۔ ان میں سے کوئی نہیں

۳۔ شاعر نے ''مظلوم خود'' کس صاحب کے لئے استعمال کیا ہے؟
ا۔ امام حسنؑ ۲۔ امام حسینؑ ۳۔ علی اصغرؑ ۴۔ حضرت عباسؑ

۴۔ ''مظلوم زادہ'' کس صاحب کے لیے استعمال ہوا ہے۔
ا۔ حضرت علیؑ ۲۔ علی اصغرؑ ۳۔ زینبؑ ۴۔ ان میں سے کوئی نہیں

۵۔ در نجف کس کا لال ہے؟
ا۔ بانوے بے کس ۲۔ علیؑ ۳۔ اِمام حسنؑ ۴۔ اِن میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر۳۔ درج ذیل غیر درسی عبارت کو سے پڑھیں اور آخر پر اس سے متعلق دیے گیے سوالات کے مختصر ترین جوابات لکھئے؟ (5= 5x1)

ہر سڑک پر چلنے والے کو سڑک کے قوانین کا استعمال کرنا چاہیئے ۔ پیدل چلنے والے، بائسیکل پر چلنے والے، رِکشا ڈرائیور، گاڑیوں کے ڈرائیوروں کو ان قوانین کا علم ہونا

چاہیئے اورانہیں ماننا چاہیئے ۔ پیدل چلنے والے لاپرواہی سے سڑک پار کرنے اور بے قاعدہ گزرنے سے حادثوں کا سبب بنتے ہیں ۔زیادہ تر اسکول جانے والے بچے سائیکل استعمال کرتے ہیں ۔لیکن اکثر وہ سڑک پر غیر ذمہ داری کا ثبوت دیتے ہیں وہ بھول جاتے ہیں کہ سائیکل نے بھی سڑک کے ان ہی قوانین کی پاسداری کرنی ہے جن کی کسی موٹر گاڑی نے کرنی ہے ۔ایک لاپرواہ سائیکل سوار اتنے ہی بڑے حادثے کا سبب بن سکتا ہے جتنا کہ ایک موٹر گاڑی کا ڈرائیور۔

۱۔ ہر ایک کو سڑک پر چلنے والے کو چاہیے کہ وہ:

۱۔ ایک سائیکل رکھے ۲۔سڑک سے بے قاعدہ گزرے ۳۔ سڑک کے قوانین کو مانے ۴۔ رِکشا والوں کی مدد کرے

۲۔ پیدل چلنے والے حادثوں کا سبب بنتے ہیں کیونکہ وہ:

۱۔ تیز دوڑتے ہیں ۲۔ لاپرواہی سے سفر کرتے ہیں ۳۔پیدل چلتے ہیں ۴۔ سڑک کو لاپرواہی سے پار کرتے ہیں اور سڑک کے بیچ میں چلتے ہیں۔

۳۔ بہت سے اسکولی بچوں کے پاس استعمال کے لیے ہوتا ہے:

۱۔ ایک سائیکل ۲۔ ایک کار ۳۔ ایک بس ۴۔ ایک رِکشا

۴۔ ایک لاپرواہ سائیکل سوار:

۱۔ جلدی سڑک پار کرتا ہے ۲۔ سڑک کے بیچ میں چلتا ہے ۳۔ اپنا سائیکل خراب کرتا ہے ۴۔ بڑے حادثے کا سبب بن سکتا ہے۔

۵۔ ''وہ سڑک پر غیر ذمہ داری کا ثبوت دیتے ہیں۔'' یہاں لفظ ''وہ'' سے کیا مُراد ہے؟

۱۔ پیدل چلنے ولے ۲۔ رِکشا کھینچنے والے ۳۔ گاڑی ڈرائیور ۴۔ اسکول جانے والے بچے۔

## حصّہ ب (قواعد)

سوال نمبر۴۔ درج ذیل الفاظ کو ہدایت کے مطابق جملوں میں استعمال کریں۔ (5 x 1 = 5)

۱۔ انبیاء : جملے میں اسطرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضع ہوجائے۔

۲۔ بالغ : جملے میں اسطرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضع ہوجائے۔

۳۔ عمل : جملے میں اسطرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضع ہوجائے۔

۴۔ اُستانی: جملے میں اسطرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضع ہوجائے۔

۵۔ رئیس : جملے میں اسطرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضع ہوجائے۔

سوال نمبر۵۔ درج ذیل حروف کی تعریف کیجیے اور مثالیں دیجیے۔ (2x 2 = 4)

۱۔ حروف استفہام ۲۔ حروف نفرین

سوال نمبر۶۔ ہدایت کے مطابق جواب لکھیے۔ (5 x 1 = 5)

۱۔ رشید نے کھانا کھایا۔

اس جملے میں ''نے'' سے کیا مُراد ہے۔

۱۔ علامت مفعول ۲۔ علامت فاعل ۳۔ علامت فعل ۴۔ ان میں سے کوئی نہیں

۲۔ سلیم نے چائے شائے پی لی۔

اس جملے میں ''شائے'' قواعد کے اعتبار سے کیا ہے۔

۱۔ کلمہ ۲۔ مہمل ۳۔ حرف ۴۔ صفت

۳۔ زاہد نہیں آیا۔

اس جملے میں ''نہیں آیا'' سے کیا مُراد ہے۔قواعد کے لحاظ سے۔

۱۔ خبر ۲۔ مبتدا ۳۔ اسم ۴۔ جملہ

۴۔ یہ کام مت کرو۔

اس جملے میں ''مت کرو'' کیا ہے۔

۱۔ استفہام ۲۔ تعجب ۳۔ انبساط ۴۔ حکم

۵۔ رشید کا گھر نزدیک ہے۔

اس جملے میں ''رشید'' گرائمر کے لحاظ سے کیا مُراد ہے۔

۱۔ مضاف ۲۔ مضاف الیہ ۳۔ حرف اضافت ۴۔ جملے میں سے کوئی نہیں۔

سوال نمبر۷۔ درج ذیل محاورات میں سے دو کے جملے بنایئے: ( 2 )

آٹھ آٹھ آنسو رونا ۔ آگ میں تیل ڈالنا ۔ بات کھولنا۔ آج کل کرنا۔

سوال نمبر۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جملے کی ترکیب نحوی کیجیے اور جُملے کا نام بھی لکھیے ۔ ( 4 )

احمد کی ٹوپی محمد کے سر۔ زاہد نیک ہے

## حصّہ ج (ادب)

سوال نمبر۹۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک صنف پر روشنی ڈالیے: ( 5 )

غزل ۔ مقالہ ۔انشائیہ۔ قصیدہ

سوال نمبر۱۰۔ مندرجہ ذیل میں کسی ایک کا خلاصہ لکھیے۔

سیر چوتھے درویش کی ۔ عبرت ۔آسمان پھول اور لہو ( 5 )

سوال نمبر۱۱۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے۔ ( 3 x 2 = 6 )

۱۔ میرے سلیقے سے میری نبھی محبت تمام عمر میں ناکامیوں سے کام لیا۔

یا

ب۔

وہ کج روش نہ ملا راستی میں مجھ سے کبھو نہ سیدھی طرح اُن نے میرا اسلام لیا

دل و دیدہ اہل عالم میں گھر ہے تمہارے لئے ہیں مکاں کیسے کیسے

یا

زمینِ چمن گُل کھلاتی ہے کیا کیا بدلتا ہے رنگ آسمان کیسے کیس

نہ سنو گر بُرا کہے کوئی نہ کہو گر بُرا کہے کوئی

پ۔

یا

ہے کچھ ایسی ہی بات ہے جو چپ ہوں ورنہ کیا بات کر نہیں آتی

نہ تھا میں معتقد اعجاز ے کا بڑی مشکل سے منوایا گیا ہوں

یا

ہوں اس کوچہ کے ہر ذرہ سے آگاہ اُدھر سے مدتوں آیا گیا ہوں

ث۔ آنسو تھے خشک ہوئے جی ہے کہ اُمڈ آتا ہے دِل یہ گھٹا سی چھائی ہے کھلتی ہے نہ برستی ہے

یا

خواب اپنے کیا حقیقت ہوب گیے لمس کیسا تھا اگر ہیکر نہ تھا

سوال نمبر۱۲۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (3 x 2 = 6)

ا۔ حضرت محمدؐ کیا پیغام لے کر آئے؟

ب۔ حضرت اِمام حسینؓ نے یزیدوں سے کیا سوال کیا؟

پ۔ رام چندر جی نے ماں کا حال دیکھ کر آنسو کیوں روک لیے؟

سوال نمبر۱۳۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کے حالات زندگی پر نوٹ لکھیے۔ ( 5 )

سر سید احمد خان ۔ خواجہ غلام السیدین۔ میر امن

سوال نمبر۱۴۔ آپ کے والد صاحب اپنے مکان میں تجدید کاری کرانا چاہتے ہیں۔ کمروں میں پلنگ کے ساتھ ساتھ الماریاں بھی جدید طرز کی بنانی ہے۔ اس وجہ سے آپ کو ایک سوفٹ لکڑی کی ضرورت ہے اس سلسلے میں ڈی۔ ایف۔ او کے نام ایک سوفٹ تعمیراتی لکڑی اجرا کرنے کے لئے ایک درخواست لکھیے۔

یا

نویں جماعت میں شاندار کامیابی حاصل کرنے کے بعد اب آپ کا داخلہ دسویں جماعت میں ہوا ہے۔ اس کے لئے آپ کو نئی کتابوں اور کاپیوں کی ضرورت ہے۔ لہٰذا کتب فروش کے نام کتابیں اور کاپیاں ارسال کرانے کے لئے ایک خط لکھئے۔ ( 6 )

سوال نمبر۱۵۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر ڈیڑھ سو سے دو سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ ( 8 )

کمپیوٹر ۔ کھیلوں کی اہمیت ۔ وقت کی پابندی ۔ علامہ اقبالؒ

سوال نمبر۱۶۔ مندرجہ ذیل درسی سوالات کے جوابات لکھیے۔

ا۔ شہزادے کے چچا کے لئے کیوں کہا گیا ہے کہ وہ ''بجائے ابوجہل'' کے تھے؟

۲۔ مزاج دار کو بے وقوف بنانے کے لئے جج نے کیا کیا؟

۳۔ دوکاندار لڑکے کو گڑیا کیوں نہیں بیچتا تھا؟ (3 x 2 = 6)

## پرچہ نمبر۲

جماعت : دسویں پرچہ: اُردو

نمبرات: ۸۰ وقت: ۳ گھنٹے

### حصّہ الف (قرات)

سوال نمبر۱۔ مندرجہ ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد آخر پر دی گئی خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجیے۔ (5 x 1 = 5)

علم وہ نور ہے جس سے معرفت حاصل ہو جاتی ہے۔ علم کے نور سے انسان دنیا کی مختلف چیزوں کی حقیقت کو سمجھتا ہے۔ اپنی زندگی کے مقصد سے باخبر ہوتا ہے۔ برے اخلاق سے بچ کر اچھے اخلاق کا پیکر بن جاتا ہے۔ اہل علم لوگ نہ صرف اپنے لئے رحمت ہوتے ہیں بلکہ سارے سماج کے لئے بلکہ پوری انسانیت کے لئے نہایت ہی مفید ثابت ہوتے ہیں۔ اہل علم نفرت کے بجائے محبت، خودغرضی کے بجائے خلوص، جھوٹ کے بجائے سچائی کا درس دیتے ہیں۔ اس طرح وہ سماج جس میں حصول علم کی اہمیت کو اچھی طرح سمجھا جاتا ہے ترقی کی راہ پر گامزن ہو جاتا ہے اور زندگی پُرسکون اور پُرمسرت بن جاتی ہے۔

ا۔ علم وہ نور ہے جس سے ۔۔۔۔۔۔۔ حاصل ہو جاتی ہے

۲۔ دنیا کی مختلف چیزوں کی حقیقتوں کو انسان ۔۔۔۔۔ سے سمجھتا ہے۔

۳۔ علم ہی سے انسان اپنی زندگی کے ۔۔۔۔ سے باخبر ہوتا ہے۔

۴۔ نفرت کے بجائے محبت، خودغرضی کے بجائے خلوص، جھوٹ کے بجائے سچائی کا درس ۔۔۔۔۔ ہی دیتے ہیں۔

۵۔ وہ سماج جو میں حصول علم کی اہمیت کو اچھی طرح سمجھتا ہے۔۔۔۔ پر گامزن ہو جاتا ہے۔

سوال نمبر۲۔ درج ذیل شعری عبارت کو غور سے پڑھئے اور آخر پر اس سے متعلق دیے گئے سوالات کے جوابات چن لیجیے:

۱۔

مُفلس کی کچھ نظر نہیں رہتی ہے آن ہر دیتا ہے اپنی جان وہ ایک ایک نان پر

۲۔

ہر آن ٹوٹ پڑتا ہے روٹی کے خوان پر جس طرح کُتے ٹوٹتے ہیں اُستخواں پر

۱۔ آن پر کس کی نظر نہیں رہتی؟

۱۔ مقرر ۲۔ مفلس ۳۔ محرّر ۴۔ شاعر

۲۔ مُفلس ایک ایک نان پر کیا دیتا ہے؟

۱۔ مال ۲۔ جان ۳۔ گھر ۴۔ عیال

۳۔ ہر آن مُفلس کس پر ٹوٹ پڑتا ہے؟

۱۔ روٹی پر ۲۔ محل پر ۳۔ گاڑی پر ۴۔ چاندی پر

۴۔ کُتا کس پر ٹوٹ پڑتا ہے؟

۱۔ روٹی پر ۲۔ دودھ پر ۳۔ استخوان پر ۴۔ ان میں سے کوئی نہیں

۵۔ مذکورہ اشعار میں آن کے معنی ہیں ( 5 = 1 x 5 )

۱۔ روٹی اور مکھن ۲۔ مال اور جان ۳۔ شان وشوکت اور طاقت ۴۔ ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر۳۔ درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر پر اس سے متعلق دیے گئے سوالات کے مختصر ترین جوابات لکھیے۔ ( 5 = 1 x 5 )

دنیا میں وہی لوگ کامیاب ہوتے ہیں جو خدا اور ہمت و قوت پر بھروسہ کرتے ہیں۔لگن اور حوصلے سے جو بھی کام انسان کرتا ہے اس میں کامیاب ضرور رہتا ہے۔ خدا بھی اُن ہی لوگوں کی مدد کرتا ہے جو اپنی مدد آپ کرتے ہیں۔ ہر وہ شخص جو اپنی محنت اور ہمت سے آگے بڑھتا ہے اور لوگوں نے اُس کو سراہا ہے اور اُس کی عزت کی ہے۔ ہمیشہ ہمت اور حوصلے سے کام کرنا کامیابی کی نشانی ہے۔ جیت ہمیشہ ہمت اور حوصلہ رکھنے والوں کی ہوتی ہے۔

۱۔ کون سے لوگ دنیا میں کامیاب ہوتے ہیں؟

۲۔ انسان اپنے کام کاج میں کس طرح کامیاب ہوتا ہے؟

۳۔ خدا کن لوگوں کی مدد کرتا ہے؟

۴۔ لوگوں نے کس کو سراہا ہے؟

۵۔ جیت ہمیشہ کن کی ہوتی ہے؟

## حصّہ ب (قواعد)

سوال نمبر۴۔ درج ذیل الفاظ کو ہدایت کے مطابق جملوں میں استعمال کریں (5 = 1 x 5 )

۱۔ سُنار : جملے میں اسطرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضع ہو جائے۔

۲۔ نادر : جملے میں اسطرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضع ہو جائے۔

۳۔ زوجہ : جملے میں اسطرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضع ہو جائے۔

۴۔ مقصد : جملے میں اسطرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضع ہو جائے۔

۵۔ جج : جملے میں اسطرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضع ہو جائے۔

سوال نمبر۵۔ درج ذیل حروف کی تعریف کیجیے اور مثالیں دیجیے:۔ ( 4 = 2 x2)

۱۔ حروفِ عطف ۲ حروفِ علت

سوال نمبر۶۔ ہدایت کے مطابق جواب لکھیئے۔ ( 5 = 1 x 5 )

۱۔ یہ مکان کافی خوبصورت ہے؟

اس جملے میں لفظ ''خوبصورت'' کیا ہے؟

۱۔ فعل ۲۔ مفعول ۳۔ اسمِ صفت ۴۔ فاعل

ب۔ مدّرس نے شاگرد کو مارا

اس جملے میں لفظ ''مدّرس'' کیا ہے؟

۱۔ فعل ۲۔ فاعل ۳۔ مفعول ۴۔ صفت

پ۔ اسلم نے کھانا کھایا۔

اس جملے میں لفظ ''کھانا'' کیا ہے؟

۱۔ صفت ۲۔ فعل ۳۔ فاعل ۴۔ مفعول

ت۔ میں نے زم زم کا پانی پیا ہے۔

اس جملے میں لفظ ''نے'' کیا ہے؟

۱۔ علامتِ مفعول ۲۔ علامتِ فاعل ۳۔ حرف اضافت ۴۔ حرف تشبیہ

ٹ۔ میرے سر میں درد ہو رہا ہے۔

اس جملے میں لفظ ''درد'' کیا ہے؟

۱۔ فعل ۲۔ فاعل ۳۔ مفعول ۴۔ نائبِ فاعل

سوال نمبر۷۔ درج ذیل محاورات میں سے دو کے جملے بنایئے۔ ( 2 )

بَر آنا۔ اپنا الّو سیدھا کرنا ۔ پالا پڑنا۔ پیٹھ دِکھانا۔

سوال نمبر۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جملے کی ترکیب نحوی کیجیے اور جملے کا نام بھی لکھیے۔ ( 4 )

احمد دانا ہے ۔ عاشق نے معشوق کو مارا۔

## حصّہ ج ۔ادب

سوال نمبر۹۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک صنف پر روشنی ڈالئے۔

افسانہ ، خاکہ ، غزل ، قصیدہ ( 5 )

سوال نمبر۱۰۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے۔ ( 5 )

سیر چوتھے درویش کی۔ عبرت۔ اور مزاج دار لٹ گئی

سوال نمبر۱۱۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے۔ ( 6 = 2 x 3)

۱۔ آتش بلند دل کی نہ تھی ورنہ اے کلیم
یک شعلہ برقِ خرمن صد کوہِ طور تھا

یا

کہنے لگا کہ دیکھ کے چل راہ بے خبر
میں بھی کبھو کسی کا سر پُر غرور تھا

ب۔ روک لو گر غلط چلے کوئی

بخش دو گر خطا کرے کوئی

یا

تمناؤں میں اُلجھایا گیا ہوں

کھلونے دے کے بہلایا گیا ہوں

ج۔ دل کا اجڑنا سہل سہی بسنا سہل نہیں ظالم

بستی بسنا کھیل نہیں بستے بستے بستی ہے

یا

خواب اپنے کیا حقیقت ہوگئے

لمس کیسا تھا اگر پیکر نہ تھا

سوال نمبر۱۲۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (3x2 = 6)

ا۔ حضرت امام حسینؓ نے یزید سے کیا سوال کیا؟

ب۔ مُفلسی آدمی کو کس کس طرح سے ستاتی ہے؟

ج۔ ہمیں اپنے ماتحتوں سے کس قسم کا برتاو کرنا چاہیے؟

سوال نمبر۱۳۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کے حالاتِ زندگی پر نوٹ لکھیے۔ (5)

مولوی نذیر احمد۔ سرسید احمد خان۔ خواجہ غلام السّیدین

## حصّہ د ۔ تحریری کام

سوال نمبر۱۴۔ آپ کے والد صاحب ایک اُستاد ہے۔ اچانک اُن کا تبادلہ دور کسی جگہ ہوا ہے۔ اب وہ مع عیال وہیں پر رہنا چاہتے ہیں۔ اسلیے آپ اپنے اسکول میں تعلیم جاری نہیں رکھ سکتے۔ اب آپ کو دوسرے اسکول میں داخلہ لینا ہے اپنے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام خارجہ سند اجرا کرنے کے لئے درخواست لکھئے۔

یا

آپ کے علاقے میں ایک نئے ڈاکیہ کا تقرر ہوا ہے جو خطوط کو وقت پر نہیں پہنچاتا ہے۔ کل آپ کو جو ایک دوست کا خط مِلا، اُس میں یہ شکایت کی گئی ہے کہ آپ نے اُن کے کئی خطوط کا جواب نہیں دیا ہے۔ پوسٹ ماسٹر صاحب کے نام ڈاکیہ کی شکایت کیلئے درخواست لکھئے۔

سوال نمبر۱۵۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر ڈیڑھ سو سے دو سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ (8)

عالمی تمازت۔ ماحولیاتی آلودگی۔ حصولِ علم کی اہمیت۔ دھویں کے نقصانات

سوال نمبر۱۶۔ مندرجہ ذیل درسی سوالات کے جوابات لکھیے۔ (3x2 = 6)

ا۔ محمد عاقل جگن کی چال کیوں نہ سمجھ سکا؟

۲۔ پنڈت چندر دھر کو اپنے پیشے کی عظمت کا احساس کس طرح ہوا؟

۳۔ لڑکا دیدی کو گڑیا کس کے ہاتھ بھیجنا چاہتا تھا؟

# پرچہ نمبر۳

جماعت : دسویں | پرچہ: اُردو

نمبرات: ۸۰ | وقت: ۳ گھنٹے

## حصّہ الف (قرات)

سوال نمبر۱۔مندرجہ ذیل غیر درسی عبارت کوغور سے پڑھنے کے بعد آخر پر دی گئی خالی جگہوں کومناسب الفاظ سے پُر کیجیے۔ (5 = 1 x 5)

موسم سرما میں برف باری کی وجہ سے بانہال کی پُرانی سُرنگ برف سے ڈھکی رہتی تھی اور کشمیر باقی ملک سے قریب قریب کٹ جا تا تھا۔اس لئے اس مشکل کو دور کرنے کے لئے حکومت نے پُرانی سرنگ سے دو ہزار فٹ کی بلندی پر امغربی جرمنی کے انجینیئر وں کی مدد سے ایک نئی سُرنگ بنوائی۔ یہ ڈیڑھ میل لمبی ہے۔اس پر تین کروڑ روپے صرف ہو گئے ہیں۔تمام دنیا میں یہ چوتھی بڑی سُرنگ ہے اور ایشیاء میں سب سے بڑی سرنگ ہے۔

۱۔ بانہال کی پرانی سُرنگ۔۔۔۔سے ڈھکی رہتی ہے۔

۲۔ کشمیر باقی ملک سے قریب قریب۔۔۔۔جا تا تھا۔

۳۔ پُرانی سُرنگ سے دو ہزار فٹ کی بلندی پر۔۔۔۔کے انجینیئر وں کی مدد سے ایک نئی سُرنگ بنوائی۔

۴۔ یہ ڈیڑھ میل لمبی ہے اس پر۔۔۔۔روپے صَرف ہو گئے ہیں۔

۵۔ تمام دنیا میں یہ چوتھی بڑی سُرنگ ہے اور۔۔۔۔میں سب سے بڑی سُرنگ ہے۔

سوال نمبر۲۔ درج ذیل شعری عبارت کوغور سے پڑھئے اور آخر پر اس سے متعلق دیے گئے سوالات کے جوابات چُن لیجیے: (5 = 1 x 5)

۱۔
پروانہ اِک پتنگا جگنو بھی اِک پتنگا
وہ روشنی کا طالب یہ روشنی سراپا
ہر چیز کو جہاں میں قدرت نے دلبری دی
پروانہ کو تپش دی جگنو کو روشنی میں

۱۔ پروانہ کس چیز کا طالب ہے؟

۱۔ شمع دان ۲۔ روشنی ۳۔ آفتاب ۴۔ چاند

۲۔ پروانہ پتنگا ہے جگنو کیا ہے؟

۱۔ روشنی ۲۔ ظلمت ۳۔ پتنگا ۴۔ ہیرا

۳۔ قدرت نے ہر چیز کو کیا دی ہے؟

۱۔ تری ۲۔ دلبری ۳۔ پری ۴۔ ان میں سے کوئی نہیں

۴۔ پروانہ کو قدرت نے کیا دیا؟

۱۔ تپش ۲۔ روشنی ۳۔ بے نوری ۴۔ یہ تینوں سبھی

۵۔ قدرت نے جگنو کو کیا دیا؟

۱۔ گہن ۲۔ پیرہن ۳۔ روشنی ۴۔ انجمن

سوال نمبر۳۔درج ذیل غیر درسی عبارت کوغور سے پڑھئے اور آخر پر اس سے متعلق دیے گئے سوالات کے مختصر ترین جوابات لکھیے۔

انسان کو چاہیے کہ وہ ہمیشہ کسی نہ کسی کام میں لگا رہے۔کام تجارت اور ملازمت بھی ہے،اور محنت مزدوری بھی۔کام کرنے سے انسان اپنے آپ میں اعتماد پا تا ہے۔حلال روزی سے اسکے دل کو سکون ملتا ہے۔لوگ اس کی عزت کرتے ہیں۔کام کرنے والا چونکہ ہر وقت مصروف رہتا ہے اس لیے اس کا ذہن بے کار کے خیالوں سے پاک رہتا ہے۔اسکے برعکس بے کاری میں انسان ہمیشہ پریشان رہتا ہے۔ اس کا ذہن ہمیشہ غلط خیالوں میں اُلجھا رہتا ہے۔لوگ اُس سے نفرت کرتے ہیں۔

۱۔ انسان اپنے آپ میں اعتماد کیسے پا تا ہے؟

۲۔ حلال روزی کمانے سے آدمی کو کیا ملتا ہے؟

۳۔ کام میں مصروف شخص کا ذہن کن خیالوں سے پاک رہتا ہے؟

۴۔ انسان کب پریشان رہتا ہے؟

۵۔ لوگ کس سے نفرت کرتے ہیں؟ (5 = 1 x 5)

## حصّہ ب قواعد

سوال نمبر۴۔ درج ذیل الفاظ کو ہدایت کے مطابق جملوں میں استعمال کریں۔ ( 5 = 1 x 5 )

۱۔ اضلاع : جملے میں اس طرح استعمال کریں واحد یا جمع ہونا واضع ہو جائے۔

۲۔ سانپ: جملے میں اس طرح استعمال کریں مذکر یا مونث ہونا واضع ہو جائے۔

۳۔ خدمت: جملے میں اس طرح استعمال کریں واحد یا جمع ہونا واضع ہو جائے۔

۴۔ چیل : جملے میں اس طرح استعمال کریں مذکر یا مونث ہونا واضع ہو جائے۔

۵۔ رعایا : جملے میں اس طرح استعمال کریں واحد یا جمع ہونا واضع ہو جائے۔

سوال نمبر۵۔ درج ذیل حروف کی تعریف کیجیے اور مثالیں دیجیے: ( 4 = 2 x 2)

حروف ایجاب ۔ حروف انبساط

سوال نمبر۶۔ ہدایت کے مطابق جواب لکھیے: ( 5 = 1 x 5 )

۱۔ رشید پڑھتے پڑھتے آیا؟

اس جملے میں لفظ ''رشید'' کیا ہے۔

۱۔ حال۔ ۲۔ ذوالحال ۳۔ فعل ۴۔ ان میں سے کوئی نہیں

۲۔ آپ کہاں سے آئے ہیں؟

اس جملے میں لفظ ''کہاں سے'' کیا ہے۔

۱۔ خبر ۲۔ مبتدا ۳۔ توسیع خبر ۴۔ فعل

۳۔ رشید کا بھائی حمید۔

اس جملے میں لفظ ''رشید'' کیا ہے۔

۱۔ ذوالحال ۲۔ بدل۔ ۳۔ مُبدل۔ ۴۔ان میں سے کوئی نہیں

۴۔ یہ سرمہ دانی ہے۔

اس جملے میں لفظ ''سُر مہ'' کیا ہے؟

۱۔ ظرف ۲۔ مظروف ۳۔ مضاف ۴۔ معطوف

۵۔ دو آدمی کام پر آگیے

اس جملے میں لفظ ''آدمی'' کیا ہے۔

۱۔ عدد۔ ۲۔ صفت۔ ۳۔ معدود ۴۔ ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر۷۔ درج ذیل محاورات میں سے دو کے جملے بنائیے: ( 2 )

آب ودانہ اُٹھ جانا، آگ میں تیل ڈالنا، آنکھ مارنا، تیور بدلنا

سوال نمبر۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جملے کی ترکیب نحوی کیجیے اور جملے کا نام بھی لکھیے۔ ( 4 )

اسلم محنتی ہے۔ احمد نے خط لکھا۔

## حصّہ ج (ادب)

سوال نمبر۹۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک صنف پر روشنی ڈالیے:

ناول ۔ ڈراما ۔ مرثیہ ۔ نظم ( 5)

سوال نمبر۱۰۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھیے۔ ( 3)

آسمان پھول اورلہو۔ بور کے لڈو۔ خوشامد

سوال نمبر ۱۱۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے۔

ا۔ کیا کیا خضر نے سکندر سے اب کسے رہنما کرے کوئی

یا

موت کا ایک دن معّین ہے نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

ب۔ تمناؤں میں اُلجھایا گیا ہوں کھلونے دے کے بہلایا گیا ہوں

یا

دِل مُضطر سے پوچھ اے رونق بزم میں خود آیا نہیں لایا گیا ہوں

پ۔ جان سی شے بِک جاتی ہے اک نظر کے بدلے
آگے مرضی گاہک کی، ان داموں تو سستی ہے

یا

یہی بہت ہے کہ مجھ پر تری توجہ ہے
تیری نگاہ کا انداز دوسرا ہی سہی

ت۔ اُس نے کتنی لطیف بات کہی خود شناسی خدا شناسی ہے

یا

ہماری شرط کہ ہم پر ہو سایہ رحمت تمہاری ضد ہے کہ کوفے میں سر کھلا رکھنا

ٹ۔ آتش بلند دِل کی نہ تھی ورنہ اے کلیم
یک شعلہ برق خرمنِ صد کوہِ طور تھا

یا

غم و غصّہ و رنج و اندوہ و حرماں
ہمارے بھی ہیں مہرباں کیسے کیسے

سوال نمبر ۱۲۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: ( 3 x 2 = 6 )

ا۔ رام چندر جی کو دیکھ کر اس کی ماں کیوں رونے لگی؟

ب۔ وحدت میں کثرت سے کیا مُراد ہے؟

پ۔ کھڑکی میں بیٹھے ہوئے قیس اور محمل لیلیٰ سے شاعر کی کیا مُراد ہے؟

سوال نمبر ۱۳۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کے حالاتِ زندگی پر نوٹ لکھیے۔ ( 5 )

پریم چند۔ نور شاہ ۔میر امن دہلوی

سوال نمبر ۱۴۔ آپ کا گاؤں گنجان آبادی والا ہے سڑکیں تنگ و تاریک ہے اور پچھلے دو تین ہفتوں سے چوری کی وارداتیں رونما ہوئیں۔اس سلسلے میں آپ متعلقہ پولیس اسٹیشن کے ایس۔ایچ۔او کے نام علاقے میں ہو رہی چوریوں کی وارداتوں کے بارے میں درخواست لکھیے جس میں فوراً چوروں کے خلاف سخت سے سخت کاروائی کرنے کی گذارش کی گئی ہو۔ ( 6 )

یا

کشمیر دنیا بھر میں مہمان نوازی کے لئے مشہور ہے چونکہ آپکے بھائی کی شادی مئی کے پہلے ہفتے میں طے پائی ہے اس سلسلے میں آپ اپنے دوست جو کہ دہلی میں زیر

تعلیم ہے کو اپنے بھائی کی شادی میں شرکت کے لئے خط لکھیے۔

سوال نمبر۱۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر ڈیڑھ سو سے دو سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ ( 8 )

رشوت ایک ناسور، امن خوشحالی کی ضمانت۔ بیٹی پڑھاو بیٹی بچاو۔ طلباء اور موبائل فون۔

سوال نمبر۱۶۔ مندرجہ ذیل درسی سوالات کے جوابات لکھیے: ( 3x 2= 6 )

ا۔ ملک صادق کون تھے اور شہزادے کے ساتھ اُن کا کیا رشتہ تھا؟

ب۔ لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے جن کون سی چیزیں اپنے پاس رکھتی تھی؟

پ۔ داروغہ جی کا پنڈت چندر دھر کے ساتھ کیسا برتاو تھا؟

# پرچہ نمبر۴

جماعت : دسویں — پرچہ: اُردو

نمبرات: ۸۰ — وقت: ۳ گھنٹے

## حصہ الف (قرات)

سوال نمبر۱۔ مندرجہ ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد آخر پر دی گئی خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجیے۔ ( 5 x 1 = 5 )

جھیل ڈل وادی کشمیر کے شہرِ سرینگر کے شمال کی طرف واقع ہے۔ اس جھیل کی لمبائی 8 کلومیٹر اور چوڈائی تقریباً 4 کلومیٹر ہے۔ یہ کوہِ سلیمان اور کوہِ ماران کے درمیان واقع ہے۔ یہ جھیل دنیا کی چند ممتاز سیر گاہوں میں شمار ہوتی ہے۔ موسم گرما میں یہ جھیل سیاحوں اور مقامی لوگوں کی چہل پہل سے کھِل اٹھتی ہے۔ چونکہ دریائے جہلم اس کے بیچ سے ہو کر نکلتا ہے اس لئے اس کا پانی شیریں ہے۔ یہ جھیل پھولوں کی جھیل، کشمیر کے تاج کا زیور اور زیورِ سرینگر وغیرہ ناموں سے بھی مشہور ہے۔ یہ یونین ٹریٹری جموں و کشمیر کی دوسری بڑی جھیل ہے۔

ا۔ جھیل ڈل سرینگر کے۔۔۔۔کی طرف واقع ہے۔

۲۔ جھیلِ ڈل کی چوڑائی۔۔۔۔۔ہے۔

۳۔ یہ جھیل کوہِ سلیمان اور۔۔۔۔۔۔کے درمیان واقع ہے۔

۴۔ جھیلِ ڈل سے۔۔۔۔۔ہو کر نکلتا ہے۔

۵۔ یہ جھیل جموں و کشمیر کی۔۔۔۔۔جھیل ہے۔

سوال نمبر۲۔ درج ذیل شعری عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر پر اس سے متعلق دئے گئے سوالات کے جوابات چُن لیجیے۔ ( 5 x 1 = 5 )

رُتبہ جسے دنیا میں خدا دیتا ہے — وہ دِل میں فروتنی کو جا دیتا ہے
کرتے ہیں تہی مغز ثنا آپ اپنی — جو ظرف کہ خالی ہے صدا دیتا ہے

ا۔ خدا جسے رتبہ دیتا ہے وہ دِل میں کس چیز کو جگہ دیتا ہے؟

ا۔ صدا ۲۔ ظرف ۳۔ فروتنی ۴۔ ان میں سے کوئی نہیں

۲۔ کون سے لوگ اپنی تعریف آپ کرتے ہیں؟

ا۔ نیک لوگ ۲۔ کمزور لوگ ۳۔ بہادر لوگ ۴۔ تہی مغز

۳۔ کون سا ظرف صدا دیتا ہے؟

ا۔ بھرا ہوا ۲۔ خالی ۳۔ ٹوٹا ہوا ۴۔ نیا

۴۔ لفظ ''فروتنی'' کی ضد کیا ہے؟

۱۔ نیکی ۲۔ بہادری ۳۔ غرور ۴۔ عاجزی

۵۔ مذکورہ اشعار میں خدا، جا اور صدا کیا ہیں؟

۱۔ ردیف ۲۔ قافیہ ۳۔ تشبیہہ ۴۔ استعارہ

سوال نمبر۳۔ درج ذیل غیر درسی عبارت کوغور سے پڑھیےاور آخر پر اس سے متعلق دئے گئے سوالات کے مختصر ترین جوابات لکھئے۔ ( 5 x 1 = 5 )

ہمارے ملک ہندوستان میں بے روزگاری کا مسئلہ ایک بہت بڑا مسئلہ بن گیا ہے۔ بالخصوص وادی کشمیر میں یہ مسئلہ اپنے عروج پر پہنچ چکا ہے۔ یہاں نہ تو بڑی بڑی فیکٹریاں ہیں اور نا ہی بڑے بڑے کارخانے ہیں۔ پڑھے لکھے لوگوں کی نظریں صرف سرکاری نوکری تک محدود ہیں اور نوکریاں بھی گورنمنٹ اس طرح فراہم کررہی ہیں کہ ایک انار سو بیمار کے مترادف ہے۔ ایک طرف بڑھتی ہوئی مہنگائی اور دوسری طرف بے روزگاری۔ نتیجہ یہ ہے کہ نوجوان طبقہ ذہنی ڈپریشن کا شکار ہورہا ہے، خودکشی، نشیلی ادویات کا استعمال اور ہارٹ اٹیک عام سی بات بن گئی ہے۔ اس کے علاوہ عصمت فروشی، چوری، ڈاکہ زنی اور بے ایمانی جیسے جرائم میں ہمارا سماج اس طرح پھنس چکا ہے، جہاں سے نکلنے کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔

۱۔ وادی کشمیر میں کون سا مسئلہ اپنے عروج پر ہے؟

۲۔ پڑھے لکھے لوگوں کی نظریں کہاں تک محدود ہیں؟

۳۔ ''ایک انار سو بیمار'' سے کیا مُراد ہے؟

۴۔ بے روزگاری سے ہمارا نوجوان طبقہ کس چیز کا شکار ہورہا ہے؟

۵۔ بے روزگاری سے ہمارا سماج کن جرائم میں ملوث ہو چکا ہے؟

## حصّہ ب (قواعد)

سوال نمبر۴۔ درج ذیل الفاظ کو ہدایت کے مطابق جملوں میں استعمال کریں۔ ( 5 x 1 = 5 )

۱۔ لوہا : جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضع ہوجائے۔

ب۔ آفت : جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضع ہوجائے۔

ج۔ دریا : جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضع ہوجائے۔

د۔ اخبار : جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضع ہوجائے۔

ہ۔ برسات : جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضع ہوجائے۔

سوال نمبر۵۔ درج ذیل حروف کی تعریف کیجیےاور مثالیں دیجیے ( 2x2 = 4 )

حرف عطف۔ حرف تاسف

سوال نمبر۶۔ ہدایت کے مطابق جواب لکھیے۔ ( 5 x 1 = 5 )

۱۔ آج موسم خوشگوار ہے؟

اس جملے میں ''خوشگوار'' کیا ہے؟

۱۔ اسم ۲۔ ضمیر ۳۔ صفت ۴۔ فعل

ب۔ نوید نے چائے پی۔

۱۔ فاعل ۲۔ مفعول ۳۔ صفت ۴۔ فعل

ج۔ اکرم کی ٹوپی کالی ہے۔

اس جملے میں لفظ ''ٹوپی'' کیا ہے؟

۱۔ فاعل ۲۔ مفعول ۳۔ مضاف ۴۔ مضاف الیہ

د۔ ناہدہ نے خط لکھا۔

اس جملے میں لفظ ''خط'' کیا ہے؟

ا۔ فاعل ۲۔ مفعول ۳۔ مضاف ۴۔ مضاف الیہ

ہ۔ اکرم نے کلہاڑی خریدی۔

اس جملے میں لفظ ''کلہاڑی'' کیا ہے؟

ا۔ اسم صوت ۲۔ اسمِ آلہ ۳۔ اسمِ زماں ۴۔اسمِ مکاں

سوال نمبر ۷۔ درج ذیل محاورات میں سے دو کے جملے بنایئے۔ ( 2 )

پھولے نہ سمانا آٹے میں نمک کے برابر کُتے کی موت مرنا تمیس مارخان بننا

سوال نمبر ۸۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جملے کی ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام بھی لکھئے۔ ( 4 )

ندیم چالاک ہے۔ راکیش نے سانپ کو مارا

## حصّہ ج (ادب)

سوال نمبر ۹۔ درج ذیل میں سے کسی ایک صنف پر روشنی ڈالئے ( 5 )

افسانہ ۔ انشائیہ غزل نعت

سوال نمبر ۱۰۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے۔ ( 5 )

اور مزاج دار لٹ گئی۔ خوشامد ۔ حالی

سوال نمبر ۱۱۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے۔

ا۔ آتش بلند دِل کی نہ تھی ورنہ اے کلیم
یک شعلہ برقِ خرمنِ صد کوہِ طور تھا

یا

نہ گورِ سکندر نہ ہے قبرِ دارا
مٹے ناموں کے نِشان کیسے کیسے

ب۔ کوئی اُمید بر نہیں آتی
کوئی صورت نظر نہیں آتی

یا

نہ تھا میں معتقد اعجاز مے کا
بڑی مشکل سے منوایا گیا ہوں

ج۔ شکستگی ہوئی ظاہر تو موت لازم ہے
کھلی ہواؤں کے دھارے پہ پر کھلا رکھنا

سوال نمبر ۱۲۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (3 x 2 = 6)

ا۔ نظم ''شکست انتظار'' میں کس طرح کی ذہنی کیفیت کی تصویر کشی کی گئی ہے؟

ب۔ حضرت امام حسینؑ نے یذیدوں سے کیا سوال کیا؟

ج۔ وحدت میں کثرت سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر ۱۳۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کی حالات زندگی یا ادبی کارناموں پر نوٹ لکھیے۔ ( 5 )

پریم چند، مولوی عبدالحق ، میر تقی میرؔ لیسین بیگ

حصّہ د(تحریری کام)

سوال نمبر۱۴۔ آپ سرینگر سے سوپورا اپنی نجی گاڑی میں جارہے تھے۔پٹن میں آپکو کسی دکاندار کے ہاں کوئی ضروری کام تھااور آپ نے اپنی گاڑی کچھ دیر کے لئے دُکان کے پاس ہی کھڑی کی تھی۔جوں ہی آپ نے کام ختم کیا، آپکی گاڑی چوری ہوگئی تھی۔گاڑی چوری ہونے کے بارے میں ایس ایچ او صاحب کے نام درخواست لکھئے۔

یا

آپ نے دسویں جماعت کا امتحان پاس کیا ہے۔اب آپ کو گیارہویں جماعت میں داخلہ لینا ہے۔ساتھ ہی آپ کو نئی کتابیں اور وردی کی بھی ضرورت ہے جس کے لئے آپ کو پانچ ہزار روپے چاہیے۔اس بارے میں اپنے والد صاحب کے نام ایک خط لکھئے۔

سوال نمبر۱۵۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر ڈیڑھ سو سے دو سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔

سائنس کی برکتیں ۔ میری زندگی کا مقصد ۔ جنگلات کے فائدے ۔ اردو زبان کا آغاز و ارتقاء۔

سوال نمبر۱۶۔ درج ذیل درسی سوالات کے جوابات لکھئے۔( 3x 2 = 6)

ا۔ شہزادے کے چچا کے لئے کیوں کہا گیا ہے کہ وہ بجائے 'ابوجہل' کے تھے؟

۲۔ لڑکے کی کون سی دُعا اللہ نے قبول کر لی؟

۳۔ صالح زندگی کی تعمیر کے لئے اقبالؔ نے کس بات کو ضروری قرار دیا ہے؟

# پرچہ نمبر۵

جماعت : دسویں پرچہ: اُردو

نمبرات: ۸۰ وقت: ۳ گھنٹے

حصّہ الف (قرات)

سوال نمبر۱۔ درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر پر دی گئی عبارت میں خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں۔

دُنیا میں رائج شدہ طرزِ حکومتوں میں جمہوری نظام بھی ایک ہے۔یہ ایسا طرزِ حکومت ہے جو لوگوں کے لئے لوگوں ہی سے بنتا ہے۔اس طرزِ حکومت کا فائدہ یہ ہے کہ لوگ خود اس حکومت کا انتخاب کرتے ہیں۔جمہوری حکومت میں ہر فرد کو ہر طرح کی جائز آزادی ملتی ہے۔اس طرزِ حکومت میں سیاسی، سماجی اور اقتصادی آزادی کے ساتھ ساتھ مذہبی آزادی بھی میسر ہوتی ہے۔اس جمہوری نظام میں پورے ملک کا ایک ہی قانون ہوتا ہے، جسکی رکھوالی کرنا ہر کوئی اپنے اوپر لازم سمجھتا ہے۔یہ طرزِ حکومت بالواسطہ اور بلاواسطہ دونوں طرح سے ہوتا ہے۔

ا۔ دنیا کے مختلف نظاموں میں ۔۔۔۔نظام بھی ایک ہے۔

۲۔ جمہوری طرزِ حکومت ۔۔۔۔کے لئے بنتی ہے۔

۳۔ جمہوری طرزِ حکومت میں ہر جائز۔۔۔۔ملتی ہے۔

۴۔ دوسری آزادیوں کے ساتھ ساتھ۔۔۔۔بھی ملتی ہے۔

۵۔ جمہوری طرزِ حکومت میں سب کے لئے یکساں۔۔۔۔ہوتا ہے۔

سوال نمبر۲۔ درج ذیل درسی شعری عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد آخر پر دئے گئے سوالات کے جوابات چن لیجئے۔

کل پاؤں ایک کاسئہ سر پہ جو آگیا
یکسر وہ استخوان شکستوں سے چور تھا
کہنے لگا کہ دیکھ کر چل راہِ بے خبر
میں بھی کبھو کسی کا سرِ پُر غرور تھا

۱۔ کاسئہ سر سے کیا مراد ہے؟

۱۔ کھوپڑی ۲۔ پیر ۳۔ ہاتھ ۴۔ پیشانی

۲۔ استخوان کا لفظ کس معنی میں استعمال ہوا ہے؟

۱۔ دسترخوان ۲۔ ہڈی کا ڈھانچہ ۳۔ روٹی ۴۔زمین

۳۔ شعر میں کس کو دیکھ کر چلنے کو کہا گیا ہے؟

۱۔ پاؤں کو ۲۔ کھوپڑی کو ۳۔ راہِ بےخبر کو ۴۔ اُستخوان کو

۴۔ ''راہِ بےخبر'' اور ''سرِ پُرغرور'' کے الفاظ کون سی ترکیب میں ہیں؟

۱۔ مرکب جاری ۲۔ مرکب توصیفی ۳۔ مرکب اضافی ۴۔ مرکب اشاری

سوال نمبر۳۔ درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھئے اور آخر پر اُس کے متعلق دئے گئے سوالات کے مختصر ترین جوابات تحریر کریں۔

محمد علی جوہر کا شمار ہندوستان کے عظیم لیڈروں میں ہوتا ہے۔ ریاست رام پور میں 1878ء میں پیدا ہوئے۔ رام پور میں ابتدائی تعلیم کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لئے انگلستان چلے گئے۔ واپسی پر آپ کے خیالات بدل گئے تھے اور انگریزوں کے خلاف سیاسی جدوجہد میں حصّہ لیا۔ تقاریر اور مضامین کے ذریعے انگریزوں کی جڑیں ہلا دیں۔ کئی بار قید و بند کی سزائیں کھائیں۔ گاندھی جی کے ساتھ ہندو مسلم اتحاد کو مضبوط بنا دیا۔ بعد میں مسلم لیگ میں شامل ہو گئے۔ آپ نے گول میز کانفرنس میں بھی شرکت کے لئے انگلستان کا سفر کیا۔ آپ کا انتقال 1978ء میں ہوا۔

۱۔ مولانا محمد علی جوہر کا شمار کن میں ہوتا تھا؟

۲۔ مولانا محمد علی جوہر کی جائے پیدائش کہاں ہے؟

۳۔ انگلستان سے واپسی کے بعد محمد علی جوہر نے کیا کیا؟

۴۔ گاندھی جی کے ساتھ مل کر محمد علی جوہر نے کیا کیا؟

۵۔ محمد علی جوہر کا انتقال کب ہوا؟

## حصّہ ب (قواعد)

سوال نمبر۴۔ درج ذیل الفاظ کو ہدایت کے مطابق جملوں میں استعمال کریں۔

۱۔ آندھی: جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضع ہو جائے۔

۲۔ الماریاں: جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضع ہو جائے۔

۳۔ آسمان: جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضع ہو جائے۔

۴۔ مسجد: جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضع ہو جائے۔

سوال نمبر۵۔ مندرجہ ذیل حروف کی تعریف کیجئے اور مثالیں دیجئے۔

۱۔ حروفِ عطف ۔ ۲۔ حروفِ افہام

سوال نمبر۶۔ ہدایت کے مطابق جواب لکھئیے:۔

۱۔ میرے پاس کامیاب ہونے کا سنہرا موقعہ ہے،

اس جملے میں لفظ ''سنہرا'' کیا ہے؟

۱۔ صفت ۲۔ ضمیر ۳۔ فعل ۴۔ حرف

ب۔ تیراکی کرنے والا ڈوب گیا۔

اس جملے میں ''تیراکی کرنے والا'' کیا ہے؟

۱۔ اسمِ مفعول ۲۔ اسمِ فاعل ۳۔ اسمِ اشارہ ۴۔ اسمِ مجرور

ج۔ احمد محمد سے بڑا ہے۔

اس جملے میں ''محمد سے'' کون سی ترکیب ہے؟

ا۔ مرکب اشاری ۲۔ مرکب عطفی ۳۔ مرکب جاری ۴۔ مرکب اضافی

د۔ بندے نے خدا کو پہچان لیا۔

اس جملے میں ''پہچان لیا'' کیا ہے؟

ا۔ اسم ۲۔ فعل ۳۔ حرف ۴۔ مصدر

ہ۔ ''اور''، ''نیز''، ''پھر'' وغیرہ کون سے حروف ہیں؟

ا۔ حروف تاسف ۲۔ حروف عطف ۳۔ حروف شرط ۴۔ حروف جزا

سوال نمبر ۷۔ درج ذیل محاورات میں سے دو محاوروں کے جملے بنائیے۔

پانی سر سے اونچا ہونا ،تو تو میں میں کرنا، پیٹ میں چوہے دوڑ نا، دانت نکالنا

سوال نمبر ۸۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جملے کی ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام لکھیے۔

عاقل کا لڑکا بیمار ہے۔ عاقل کرکٹ کھیلتا ہے۔

## حصّہ ج (ادب)

سوال نمبر ۹۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک صنف پر روشنی ڈالیے۔

قصیدہ۔ خاکہ۔ غزل ۔ افسانہ

سوال نمبر ۱۰۔ درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک پر خلاصہ لکھیے۔

بور کے لڈو۔ عبرت۔ اور مزاج دار لٹ گئی

سوال نمبر ۱۱۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کریں اور شاعر کا حوالہ بھی دیں۔

ا۔ ایسا نہیں کہ سر پر سدا آسمان تھا
میرا بھی شہر میں کبھی کوئی مکان تھا

یا

میرے دائیں بائیں تھیں پرچھائیاں
میرے ہاتھوں میں کوئی پتھر نہ تھا

ب۔ دیکھ کر تشنہ لبی میری تعجّب نہ کرو
میں نے صحراؤں کو بخشے ہیں سمندر کتنے

یا

آنسو تھے خشک ہوئے جی ہے کہ اُمڈ آتا ہے
دل پہ گھٹا سی چھائی ہے کھلتی ہے نہ برستی ہے

ج۔ نہ سنو گر بُرا کہے کوئی
نہ کہو گر بُرا کرے کوئی

یا

آگے آتی تھی حال دِل پہ ہنسی
اب کسی بات پر نہیں آتی

سوال نمبر۱۲۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے ۔

ا۔ مفلسی نظم کس نے تحریر کی ہے؟

ب۔ رسا جاودانی کا درسی کتاب میں شعری عنوان کیا ہے؟

ج۔ کونسے لوگ دل میں فروتنی کو جگہ دیتے ہیں؟

سوال نمبر۱۳۔ درج ذیل میں سے کسی ایک پر نوٹ تیار کریں۔

محمد رفیع سودا، خواجہ غلام السّیدین، چکبست ، میر امن دہلوی

## حصّہ د (تحریری کام)

سوال نمبر۱۴۔ آپ کے محلے میں ہر طرف گندگی اور کوڑا کرکٹ جمع ہوگیا ہے۔ساتھ ہی آوارہ کتوں سے پریشان ہیں لہٰذا کسی بھی بیماری سے بچنے کے لئے اپنے ضلع کے میونسپل آفیسر کے نام درخواست لکھئے جس میں گندگی کو اُٹھانے کا تذکرہ ہو۔

یا

تمہارا دوست پڑھائی سے لاپرواہی کررہا ہے۔وہ زیادہ وقت ٹیلی ویژن اور موبائل کھیل میں صرف کرتا ہے۔لہٰذا اُسے ایک خط لکھئیے جس میں پڑھائی کی اہمیت اور منشیات کے زیادہ ٹی وی دیکھنے اور موبائل کے نقصانات سے متنبہ کرسکیں۔

سوال نمبر۱۵۔ درج ذیل عناوین کو مدِنظر رکھتے ہوئے کسی ایک عنوان کے تحت ڈیڑھ سو سے زائد الفاظ پر مشتمل ایک مضمون تحریر کریں۔

ا۔ کشمیر میں سال کے چار موسموں پر مختصراًبات کرتے ہوئے موسم سرما کا خصوصی تذکرہ کریں۔

۲۔ موجودہ دور میں سائنسی انکشافات کو لے کر موبائل فون کے فوائد و نقصانات ۔

۳۔ تعلیم کو عام کرنے کے پیش نظر بیٹی پڑھاو بیٹی بچاو پر مضمون۔

۴۔ سیلاب کے بچاو کی تدابیر میں جنگلات کے فائدے۔

سوال نمبر۱۶۔ درج ذیل درسی سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔

ا۔ خوشامد کو بدترین چیز کیوں کہا گیا ہے؟

۲۔ دنیا آجکل کس خطرے کی زد میں ہے؟

۳۔ جگن مزاج دار کے زیورات لوٹنے میں کس طرح کامیاب ہوگئی؟

# پرچہ نمبر۶

جماعت : دسویں پرچہ: اُردو

نمبرات: ۸۰ وقت: ۳ گھنٹے

## حصّہ الف (قرات)

سوال نمبر۱۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دی گئی خالی جگہوں کو عبارت میں مناسب الفاظ سے پُر کیجئے۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کی تخلیق کی ہے اور اُسے اشرف المخلوقات کا درجہ دیا۔اُس کے رہنے سہنے اور زندگی گزارنے کے لئے زمین و آسماں میں بےشمار چیزیں مہیا فرماویں۔ بہترین اور خوبصورت جسم عطا کیا۔کھانے کو مختلف پھل اور میوے دئے۔ پینے کے لئے پانی مہیا کیا۔رہنے کے لئے زمین کو ہموار کیا۔ماں باپ اور دوسرے رشتہ داروں سے نوازا۔صاف ہوا پیدا فرمائی۔ جینے کے طور طریقے سکھائے۔رہبری اور رہنمائی کے لئے پیغمبر مبعوث فرمائے۔تمام پیغمبروں کے اخیر میں حضرت محمدﷺ کو بھیجا۔آپ ﷺ کی تعلیمات میں ساری دنیا کے لئے امن و آشتی کا پیغام ہے۔اس کا اقرار ہر ایک ماہر اور فلسفی نے کیا ہے۔

ا۔ انسان کی تخلیق۔۔۔۔۔۔نے کی ہے۔

۲۔ تمام مخلوقات میں سب سے بڑھکر انسان ہے،لہٰذا اُسے۔۔۔کہتے ہیں

۳۔ پھل پھول اور میوے۔۔۔۔۔۔سے اُگائے۔

۴۔ اللہ نے۔۔۔۔کو ہموار کر کے اس پر انسان کو بسایا۔

۵۔ سب سے آخر میں۔۔۔۔۔۔کو پیغمبر بنا کر بھیجا۔

سوال نمبر۲۔ درج ذیل شعری عبارت کو غور سے پڑھیئے اور آخر میں دئے گئے سوالات کا جواب چن لیجئے۔

مفلس کی کچھ نظر نہیں رہتی ہے آن پر
دیتا ہے اپنی جان وہ ایک ایک نان پر
ہر آن ٹوٹ پڑتا ہے روٹی کے خوان پر
جس طرح کُتّے ٹوٹتے ہیں استخوان پر

۱۔ مفلس کی نظر کس پر رہتی ہے؟

ا۔ نان پر ب۔ جان پر ج۔ خوان پر د۔استخوان پر

۲۔ مذکورہ اشعار میں آن، نان، خوان اور استخواں کیا ہے؟

ا۔ مطلع ب۔ مقطع ج۔ قافیہ د۔ ردیف

۳۔ موجودہ نظم کے اشعار کا انتخاب کس شاعر کا ہے؟

ا۔ غالب ب۔ نظیر اکبرآبادی ج۔ اقبالؔ د۔ سودا

۴۔ مذکورہ پہلے شعر میں نان کا مطلب کیا ہے؟

ا۔ روٹی ب۔ روپیہ ج۔ مال د۔ جان

۵۔ کُتے کس پر ٹوٹ پڑتے ہیں؟

ا۔ استخوان پر ۲۔ نان پر ۳۔ جان پر ۴۔ آن پر

سوال نمبر۳۔ مذکورہ ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد آخر پر اس کے متعلق دئے گئے سوالات کے مختصر ترین جوابات دیجیے۔

موجودہ حالات میں پوری دنیا کورونا وائرس کے مہلک مرض سے دوچار ہے۔ جسے ہم کووِڈ- 19 کے نام سے بھی جانتے ہیں۔اس بیماری کی شناخت پہلی بار چین کے شہر ووہان میں ہوئی۔اور دیکھتے ہی دیکھتے اس وبائی بیماری نے پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لیا۔تقریباً دنیا کے ہر ملک میں ہزاروں اموات رونما ہوئیں۔مرے ہوئے لوگوں کو تابوت نما ڈبوں میں بند کر کے بغیر کفن اور غسل کے دفن کیا گیا۔اس بیماری کے چلتے تمام لوگوں میں ہلچل مچ گئی۔حالانکہ اس وبائی بیماری سے نمٹنے کے لئے احتیاطی تدابیر بھی فراہم کی گئیں۔جنہیں لوگوں نے اپنانے کی کوشش بھی کی۔

۱۔ اس وقت دنیا کس سے دوچار ہے؟

۲۔ کورونا وائرس کی موجودہ بیماری کا کیا نام ہے؟

۳۔ کورونا وائرس کہاں سے شروع ہوا؟

۴۔ کورونا وائرس کی وجہ سے دنیا میں کیا ہوا؟

۵۔ لوگوں نے کن چیزوں کو اپنانے کی کوشش کی؟

## حصّہ ب (قواعد)

سوال نمبر۴۔ درج ذیل الفاظ کو ہدایت کے مطابق جملوں میں استعمال کریں۔

۱۔ گڑیا : جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضع ہو جائے۔

۲۔ آنکھیں : جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضع ہو جائے۔

۳۔ درخت : جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضع ہو جائے۔

۴۔ پیشہ : جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضع ہو جائے۔

سوال نمبر۵۔ مندرجہ ذیل حروف کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔

ا۔ حروفِ استدراک ۔ ۲۔ حروفِ اضافت

سوال نمبر۶۔ ہدایت کے مطابق جواب دیں:۔

ا۔ یہ اسکول بہت کُشادہ ہے

اس جملے میں لفظ ’’کشادہ‘‘ کیا ہے؟

ا۔ فعل ۲۔ فاعل ۳۔ اسم صفت ۴۔ مفعول

۲۔ چور جیل سے فرار ہوا۔

اس جملے میں ’’فرار ہوا ‘‘ کیا ہے؟

ا۔ اسم۔ ب۔ صفت۔ ج۔ فاعل۔ د۔ فاعل تام

۳۔ زید نے روٹی کھائی۔

اس جملے میں ’’ زید ‘‘ کیا ہے؟

ا۔ فعل ب۔ فاعل ج۔ مفعول د۔ صفت

۴۔ لڑکے کو استاد نے ڈانٹا۔

اس جملے میں ’’ لڑکا ‘‘ کیا ہے؟

ا۔ فعل ب۔ فاعل ج۔ مفعول د۔ ضمیر

۵۔ احمد گھر سے اسکول تک چلا؟

اس جملے میں لفظ ’’سے ‘‘اور ’’تک‘‘ کیا ہے؟

ا۔ حروف جار ۲۔ حروف شرط ۳۔ حروف افہام ۴۔ حروف قبول

سوال نمبر۷۔ مندرجہ ذیل محاورات میں سے دو محاوروں کے جملے بنائیے۔

سروقد کھڑا ہونا، تعلّی کرنا، فراخ قلب ہونا، باغ باغ ہونا۔

سوال نمبر۸۔ درج ذیل جملوں میں سے کسی ایک جملے کی ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام لکھیے۔

لڑکا گڑیا خریدتا ہے۔ احمد کمزور لڑکا ہے۔

## حصّہ ج (ادب )

سوال نمبر۹۔ درج ذیل ادبی اصناف میں سے کسی ایک پر روشنی ڈالیے۔

مرثیہ۔ نظم۔ خاکہ ۔ ڈراما

سوال نمبر۱۰۔ مذکورہ اسباق میں سے کسی ایک پر خلاصہ لکھیے۔

سیر چوتھے درویش کی۔ عبرت۔ حالی

سوال نمبر۱۱۔ دیے گئے اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیں۔

ا۔ ہنگامہ گرم کُن جو دِل نا صبور تھا
پیدا ہر ایک نالے سے شور نہ نشور تھا

یا

دل و دیدہ اہل عالم میں گھر ہے

ب۔
تمہارے لئے ہیں مکاں کیسے کیسے
موت کا اک ایک دن معیّن ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

یا

بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ
کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی

ج۔
اس کی آنکھوں سے نمایاں تھی محبت کی چمک
اُس کے چہرے پر نئی تہذیب کا غازہ نہ تھا

یا

نہ اس کو بھول کہ میں نے تجھے کیا تخلیق
یہ اور بات ہے تو وقت کا خدا ہی سہی

سوال نمبر۱۲۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب مطلوب ہیں۔

ا۔ ''نوکروں پر سخت گیری کرنے والوں کا انجام'' کیا ہے۔اوراس سے کس نے تحریر کیا؟

ب۔ مرزا محمد یسین بیگ کی کونسی نظم شامل نصاب ہے؟

ج۔ باغِ مراد سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر۱۳۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کے حالاتِ زندگی یا ادبی کارناموں پر نوٹ لکھئے۔

ڈپٹی نذیر احمد، نورشاہ ، ہمدم کاشمیری ،محمد حسین آزاد

## حصّہ د (تحریری کام)

سوال نمبر۱۴۔ رمضان کا مہینہ برکتوں اور رحمتوں کا مہینہ ہے۔اس مہینے میں آپ کے گھر میں ایک افطار پارٹی کا اہتمام کیا ہے جس میں آپ نے اپنے رشتہ داروں کو مدعو کیا ہے۔اپنی پوپھی کے نام ایک چھٹی لکھ کر اُنہیں اس تقریب میں مدعو کیجئے۔

یا

آپ کے اسکول میں تین سو بچوں کو پڑھانے کے لئے صرف چار استاد تعینات ہیں۔ ناظم تعلیم کے نام اُستاد کی تعیناتی کے بارے میں ایک درخواست لکھئے۔

سوال نمبر۱۵۔ درج ذیل عناوین میں سے کسی ایک عنوان پر ڈیڑھ سو سے دوسو الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیے۔

انٹرنیٹ کے فائدے۔ سیلاب کی تباہ کاریاں۔ میرا محبوب لیڈر۔ وقت کسی کا انتظار نہیں کرتا

سوال نمبر۱۶۔ درج ذیل درسی سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔

ا۔ شہزادے کے چچا کے لئے کیوں کہا گیا کہ وہ بجائے ابولہب کے ہے؟

۲۔ قومی اتحاد کے بارے میں مولانا حالی کا کیا خیال تھا؟

۳۔ دوکان دار لڑکے کو گڑیا کیوں نہیں بیچتا تھا؟

# پرچہ نمبر ۷

جماعت : دسویں — پرچہ: اُردو

نمبرات: ۸۰ — وقت: ۳ گھنٹے

## حصّہ الف (قرات)

سوال نمبرا۔ درج ذیل غیر درسی عبارت کوغور سے پڑھئے اوراس کے آخر پر دی گئی خالی جگہوں کواسی سے چن کرمناسب الفاظ سے پُر کیجئے۔

اردوتُرکی زبان کالفظ ہےاس کے معنی لشکر گاہ کے ہیں اردوایک مخلوط زبان ہے۔اس زبان کی جائے پیدائش سے متعلق مختلف ماہرلسانیات نے مختلف نظریات پیش کیے ہیں۔سید سلیمان ندوی کا دعوٰی ہے کہ اردوسندھ میں پیدا ہوئی۔نصیرالدین ہاشمی کا خیال ہے کہ اردو کا جنم دکن میں ہوا،حافظ شیرانی کی رائے میں اردوپنجاب کی پیداوار ہے،محمد حسین آزادبرج بھاشا کواردو کا سرچشمہ بتاتے ہیں لیکن ان تمام نظریات میں جونظریہ زیادہ اہمیت کا حامل ہے وہ مسعود حسین خان کا ہے۔ان کے مطابق اردو دہلی میں پیدا ہوئی۔

( 5 x 1 = 5 )

ا۔ اردو۔۔۔۔۔زبان کالفظ ہے۔

۲۔ سید سلیمان نے اردو کی جائے پیدائش۔۔۔بتائی ہے۔

۳۔ نصیرالدین ہاشمی کے خیال میں اردو نے سرزمین۔۔۔۔۔سے جنم لیا۔

۴۔ محمد حسین آزاد کے خیال میں اردو۔۔۔۔۔سے نکلی ہے۔

۵۔ مسعود حسین خان کے نظریہ کے مطابق اردو کا جنم۔۔۔۔میں ہوا۔

سوال نمبر۲۔ درج ذیل شعری عبارت کوغور سے پڑھئے اورآخر پراس سے متعلق دئے گئے سوالات کا جواب چن لیجئے۔( 5 x 1 = 5 )

دُنیا سوسوطرح سے بہلاتی ہے سامانِ خوشی سے روح گبھراتی ہے
اب فکرِ فنا نے کھول دی ہے آنکھیں کلفت ہر بات میں نظر آتی ہے

ا۔ سامان خوشی سے کون سی چیز گھبراتی ہے؟

ا۔ آنکھیں ب۔ کان ج۔ روح د۔ زُبان

۲۔ شاعر کی آنکھیں کس چیز نے کھول دی ہے؟

ا۔ خوشی ب۔ کلفت ج۔ دنیا د۔ فکرِفنا

۳۔ شاعر کو ہر بات میں کیا نظر آتی ہے؟

ا۔ خوشی ب۔ کلفت ج۔ دنیا د۔ فنا

۴۔ لفظ '' روح'' کی کیا جمع ہے؟

ا۔ اروح ب۔ ارواح ج۔ ارح د۔ ارواحا

۵۔ لفظ '' کلفت'' کا کیا معنی ہے؟

ا۔ خوشی ب۔ آرام ج۔ تکلیف د۔ قرار

سوال نمبر۳۔ مندرجہ ذیل غیر درسی عبارت کوغور سے پڑھیےاورآخر پراس کے متعلق دیے گئے سوالات کے مختصر ترین جوابات لکھئے۔( 5x 1 = 5 )

حکیمانہ قول ہے کہ ''قوم کی ترقی کا دارومداراس کے صحت مند نوجوانوں پر ہوتا ہے''۔لیکن بدقسمتی سے آج کل ہماری قوم کے نوجوان مختلف قسم کی بیماریوں کا شکار ہوئے ہیں۔ان ہی برائیوں میں ایک خطرناک برائی نشلی ادویات کا استعمال ہے۔یہ برائی ہمارے نوجوان طبقہ کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہے۔اوراسے جسمانی اور ذہنی طور پر مفلوج بنارہی ہے۔نتیجہ یہ کہ قوم آگے بڑھنے کے بجائے پیچھے چلی جارہی ہے۔ضرورت اس بات کی ہے کہ مختلف بیداری پروگراموں اور مفید طریقوں سے ان برائیوں کو جلد سے جلد ختم کردیا جائیں۔

ا۔ قوم کی ترقی کا دارومدار کس چیز پر ہوتا ہے؟

۲۔ مختلف قسم کی برائیوں میں خطرناک قسم کی برائی کون سی ہے؟

۳۔ نشلی ادویات کے استعمال سے ہمارے نوجوان طبقہ پر کس قسم کا اثر پڑ رہا ہے؟

۴۔ ہماری قوم آگے بڑھنے کے بجائے کیوں پیچھے چلی جارہی ہے؟

۵۔ ہم کس طرح مختلف قسم کی برائیوں کو ختم کر سکتے ہیں؟

## حصّہ ب (قواعد)

سوال نمبر۴۔ درج ذیل الفاظ کو ہدایت کے مطابق جملوں میں استعمال کریں۔

ا۔ یوم : جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضع ہو جائے۔

۲۔ کمرہ : جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضع ہو جائے۔

۳۔ اشعار : جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضع ہو جائے۔

۴۔ پانی : جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضع ہو جائے۔

۵۔ حکم : جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضع ہو جائے۔

سوال نمبر۵۔ درج ذیل حروف کی تعریف کیجیے اور مثالیں دیجیے( 4 = 2 x 2 )

ا۔ حروفِ استدراک ۔ ۲۔ حروفِ اضافت

سوال نمبر۶۔ ہدایت کے مطابق جواب لکھئے:۔ ( 5 = 1 x 5 )

ا۔ احمد نے ندیم کو باغ میں دیکھا۔

اس جملے میں لفظ ''ندیم'' کیا ہے؟

ا۔ فعل ۲۔ فاعل ۳۔ مفعول ۴۔ صفت

۲۔ موہن عقلمند آدمی ہے۔

اس جملے میں لفظ ''عقلمند'' کیا ہے؟

ا۔ فاعل۔ ب۔ صفت۔ ج۔ مفعول۔ د۔ فعل تام

۳۔ بشیر نے کھانا کھایا۔

اس جملے میں لفظ '' بشیر '' کیا ہے؟

ا۔ فاعل ب۔ مفعول ج۔ صفت د۔ فعل

۴۔ لتا نے اچھا گیت گایا۔

اس جملے میں لفظ '' گایا '' کیا ہے؟

ا۔ فاعل۔ ب۔ فعل ج۔ مفعول د۔ صفت

۵۔ کریم آج بہت بیمار تھا؟

اس جملے میں لفظ'' کریم'' کیا ہے؟

ا۔ فعل ب۔ مفعول ج۔ اسم معرفہ د۔ اسم نکرہ

سوال نمبر۷۔ درج ذیل محاورات میں سے دو محاوروں کے جملے بنائیے۔

آب آب ہونا، آتش کا پرکالہ عید کا چاند ہونا، سبز باغ دکھانا۔

سوال نمبر۸۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جملے کی ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام لکھیے ۔ ( 4 )

موہن نے خط لکھا۔ قلم کو جیب میں رکھو۔

## حصّہ ج (ادب)

سوال نمبر۹۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک صنف پر روشنی ڈالیے۔

داستان۔ مقالہ۔ قصیدہ ۔ قطعہ ( 5 )

سوال نمبر۱۰۔ درج ذیل میں کسی ایک کا خلاصہ لکھئے۔ ( 5 )

اور مزاج دار لٹ گئی۔ آسمان پھول اور لہو۔ اقبال اور انسانیت ۔

سوال نمبر۱۱۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے۔

ا۔
ہمارے آگے جب کسو نے تیرا نام لیا
دلِ ستم زدہ کو ہم نے تھام تھام لیا

یا

غم و غصہ و رنج و اندوہ و حرماں
ہمارے بھی ہیں مہرباں کیسے کیسے

ب۔
ابنِ مریم ہوا کرے کوئی
میرے دُکھ کی دوا کرے کوئی

یا

دل مضطر سے پوچھ اے رونق بزم
میں خود نہیں آیا ، لایا گیا ہوں

ج۔
پرچم امن لئے پھرتے ہیں شہروں شہروں
آستینوں میں چھپائے ہیں خنجر کتنے

یا

دھویا نہیں گیا جو کسی برشگال میں
میری زمین پر وہ لہو کا نشان تھا

(3 x 2 = 6 )

سوال نمبر۱۲۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔ (3 x 2 = 6 )

ا۔ آپ کی نصاب میں شامل مرثیہ کا عنوان کیا ہے اور اُس شاعر کا نام بھی لکھئے۔

ب۔ رام چندر جی نے ماں کا حال دیکھ کر آنسو کیوں روک لئے؟

ج۔ ہمیں اپنے ماتحتوں سے کس قسم کا برتاؤ کرنا چاہیے؟

سوال نمبر۱۳۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کے حالاتِ زندگی یا ادبی کارناموں پر نوٹ لکھئے۔ ( 5 )

ڈپٹی نذیر احمد، سرسید احمد خان ، حیدر علی آتش ،محمد حسین آزاد

## حصّہ د (تحریری کام)

سوال نمبر۱۴۔ آپ کے علاقے میں ایک نئے ڈاکیہ کا تقرر ہوا جو خطوط پہنچانے میں لاپرواہی کرتا ہے۔ پوسٹ ماسٹر صاحب کے نام ڈاکیہ کی شکایت کے لئے درخواست لکھئے۔ ( 6 )

یا

آپ کا دوست میٹرک امتحان میں اچھے نمبرات لے کر پاس ہوا ہے۔ آپ کو اس کامیابی سے بہت خوشی ہوئی ہے۔ اب اُسے ایک خط لکھ کر مبارکباد پیش کیجئے۔

سوال نمبر۱۵۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر ڈیڑھ سو سے دوسو الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیے۔ ( 8 )

کشمیر کے قدرتی مناظر۔ ماحولیاتی آلودگی

فرشتے سے بڑھ کر ہے انسان بننا۔ کورونا وائرس

سوال نمبر۱۶۔ درج ذیل درسی سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔(3x 2= 6)

۱۔ لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے جن اپنے پاس کون سی چیزیں رکھتی تھی؟

۲۔ خوشامد کو بدتر چیز کیوں کہا گیا ہے؟

۳۔ جنگل میں لکڑی کاٹتے ہوئے لکڑ ہارے نے کس کی آواز سُنی اور اس نے اُس سے کیا کہا؟

# پرچہ نمبر۸

جماعت : دسویں　　　　　　　　　　پرچہ: اُردو

نمبرات: ۸۰　　　　　　　　　　وقت: ۳ گھنٹے

## حصّہ الف (قرات)

سوال نمبر ۱۔ درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد آخر پر دی گئی خالی جگہوں کو عبارت میں سے مناسب الفاظ سے چُن کر پُر کریں۔

آجکل کے مصروفیت اور مشغولیت کے دور میں مسلسل محنت اور مشقت سے انسان کا جسم ریت کی دیوار کی طرح بن گیا ہے۔مختلف روحانی اور جسمانی امراض نے انسان کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے۔اس کی سب سے بڑی وجہ صبح کی سیر کا معمولاتِ زندگی میں فقدان ہے۔صحت مند جسم ہی صحیح ذہن و دماغ کا عکاس ہوتا ہے۔یہ دونوں چیزیں صِرف صبح کی سیر سے ہی مِل سکتی ہیں۔ویسے بھی صبح کے وقت ہر چیز پروردگار کی تعریف کر رہی ہوتی ہے۔پرندوں کے گیت، بادِ صبا کے جھونکے اور درختوں کی سرسراہٹ کے ذریعے اپنے رب کی حمد و ثنا کرنا، یہ سب کچھ دیکھنے کے لئے صبح کی سیر بہت ضروری ہے۔

۱۔ انسانی جسم۔۔۔۔۔۔سے ریت کی دیوار کی طرح بن چکا ہے۔

۲۔ انسان کو۔۔۔۔۔۔نے اپنی لپیٹ میں لیا ہے۔

۳۔ کوتاہی اور امراض کی وجہ۔۔۔۔۔۔کا نہ ہونا ہے۔

۴۔ ۔۔۔۔۔۔جسم میں ہی صحت مند دماغ رہ سکتا ہے۔

۵۔ صبح کے وقت ہر کوئی اپنے پروردگار کی۔۔۔۔۔کرتا ہے۔

سوال نمبر ۲۔ مندرجہ ذیل شعری عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد آخر پر دئے گئے دئے گئے سوالات کے جواب چن لیجئے۔

قدم تیرا جب سے پڑا ہے زمین پر　　　پیام آشتی کا ہے قرآن تیرا
زمین فوق رکھتی ہے عرشِ بریں پر　　　ہوا جاگزیں دل میں فرمان تیرا

۱۔ کس کا قدم زمین پر پڑا ؟

ا۔ اسلام کا　ب۔ شاعر کا　ج۔ حضرت محمدؐ کا　د۔ خدا کا

۲۔ زمین کس پر برتری اور فوقیت رکھتی ہے؟

ا۔ آسمان پر　ب۔ پہاڑ پر　ج۔ دریا پر　د۔ خشکی پر

۳۔ امن و آشتی کا پیغام کس میں ہے؟

ا۔ مکہ میں۔　ب۔ قرآن میں۔　ج۔ زمین میں۔　د۔ آسمان میں

۴۔ مندرجہ بالا پہلے شعر کا ردیف کیا ہے؟

ا۔ زمین　ب۔ بریں　ج۔ پر　د۔ قدم

۵۔ حضورﷺ کا فرمان کہاں جاگزیں ہے؟

ا۔ زمین میں　ب۔ دل میں　ج۔ قرآن میں　د۔ مُنہ میں

سوال نمبر۳۔ مندرجہ ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھئے اور اُس کے متعلق دئے گئے سوالات کے مختصر ترین جواب تحریر کیجئے۔

علم اور تعلیم جاننے اور پہچاننے کا نام ہے۔ جس طرح مرد کے لئے تعلیم ضروری ہے، عین اُسی طرح عورت کو بھی تعلیم کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مرد اور عورت دونوں کو قوائے ذہنی عطا کی ہے۔ لہٰذا اُن میں سے کسی ایک کو بھی تعلیم سے نابلد رکھنا قدرتی حقوق پر ڈاکہ زنی کے مترادف ہے۔ اسی وجہ سے دین اسلام کے بانی حضرت محمدؐ نے فرمایا ہے کہ علم کا حصول مرد و زن پر فرض ہے۔ کوئی بھی معاشرہ اس وقت تک خوشحال اور ترقی پزیر نہیں ہوسکتا، جب تک کہ وہاں کے اکثر لوگ تعلیم یافتہ نہ ہوں۔ تو یہ کیسے ممکن ہے کہ تعلیم کی نعمت سے عورتوں کو بے بہرہ رکھا جائے۔ اسی لئے کسی نے خوب کہا ہے کہ مرد کی تعلیم ایک فرد کی تعلیم اور عورت کی تعلیم ایک معاشرے کی تعلیم ہے۔

۱۔ تعلیم کے کیا معنیٰ ہیں؟

۲۔ کیا اللہ تعالیٰ نے مرد اور عورت کو قوائے ذہن یکسان عطا کئے ہیں؟

۳۔ تعلیم کے بارے میں حضورﷺ کا کیا ارشاد ہے؟

۴۔ معاشرے کی خوشحالی و ترقی کے لئے کیا ضروری ہے؟

۵۔ درج بالا اقتباس میں کس چیز پر زور دیا گیا ہے؟

## حصّہ ب (قواعد)

سوال نمبر۴۔ درج ذیل الفاظ کو ہدایت کے مطابق جواب دیں۔

۱۔ زبان : جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضع ہوجائے۔

۲۔ بیگمات : جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضع ہوجائے۔

۳۔ سانپ : جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضع ہوجائے۔

۴۔ جنگل : جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضع ہوجائے۔

سوال نمبر۵۔ مذکورہ ذیل حروف کی تعریف کیجئے اور مثالیں دیجیے ۔

۱۔ حروفِ ایجاب ۔ ۲۔ حروفِ نِدا

سوال نمبر۶۔ ہدایت کے مطابق جواب تحریر کریں:۔

۱۔ احمد نے محمد کو دیکھا۔

اس جملے میں لفظ ''احمد'' کیا ہے؟

۱۔ اسمِ فاعل ۲۔ فاعل ۳۔ مفعول ۴۔ اسم مفعول

۲۔ سلیم چالاک لڑکا ہے۔

اس جملے میں لفظ ''چالاک'' کیا ہے؟

ا۔ فاعل۔ ب۔ فعل۔ ج۔ مفعول۔ د۔ اسمِ صفت

۳۔ زید نیک لڑکا ہے۔

اس جملے میں مُسند الیہ کون ہے؟

ا۔ ہے ب۔ زید ج۔ نیک د۔ لڑکا

۴۔ اللہ نے انسان کو پیدا کیا ہے۔

اس جملے میں مفعول کون ہے؟

ا۔ پیدا کیا۔ ب۔ اللہ ج۔ انسان د۔ کوئی نہیں

۵۔ ''واہ واہ'' کیا ہی اچھی آواز ہے؟

اس جملے میں لفظ'' واہ واہ'' کیا ہے؟

ا۔ اسم ب۔ فعل ج۔ صفت د۔ حرف

سوال نمبر۷۔ مذکورہ ذیل محاورات میں سے دو کے جملے بنائیے۔

جان بحق تسلیم ہونا۔ تامّل کرنا۔ رنجھ جانا۔ آسمان سر پر اٹھانا۔

سوال نمبر۸۔ درج ذیل جملوں میں سے کسی ایک جملے کی ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام لکھیں۔

اسلم ذہین لڑکا ہے۔ آدمی نے سانپ دیکھا۔

## حصّہ ج (ادب)

سوال نمبر۹۔ درج ذیل نثری وشعری اصناف میں سے کسی ایک صنف ادب پر روشنی ڈالیے۔

ناول۔ افسانہ۔ قصیدہ ۔ قطعہ

سوال نمبر۱۰۔ درج ذیل نثری اسباق میں کسی ایک کا خلاصہ لکھئے۔

آسمان پھول اورلہو۔ اورمزاج دارلٹ گئی۔ بور کے لڈو۔

سوال نمبر۱۱۔ مندرجہ ذیل اشعار کی شاعر کے حوالے کے ساتھ تشریح کیجیے۔

ا۔
وہ کج روش نہ ملا راستی میں مجھ سے کبھو
نہ سیدھی طرح اُس سے میرا سلام لیا

یا

نہ گورِ سکندر نہ ہے قبرِ دارا
مٹے ناموں کے نشان کیسے کیسے

ب۔
ابنِ مریم ہوا کرے کوئی
میرے دُکھ کی دوا کرے کوئی

یا

مرتے ہیں آرزو میں مرنے کی
موت آتی ہے پر نہیں آتی

ج۔
ہم نکل سکتے بھی تو کیوں کر حصارِ ذات سے
صرف دیواریں ہی دیواریں تھیں دروازہ نہ تھا

یا

تمناؤں میں اُلجھایا گیا ہوں
کھلونے دے کے بہلایا گیا ہوں

سوال نمبر۱۲۔ دئے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔

ا۔ قصیدہ شہر آشوب میں کون کون سے پیشوں کا ذکر کیا گیا ہے؟

ب۔ کتاب میں نعت کس شاعر کی تخلیق ہے؟

ج۔ رام چندر جی کو دیکھ کر اُس کی ماں کیوں رونے لگی؟

سوال نمبر۱۳۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کے حالاتِ زندگی پر نوٹ لکھئے۔

پریم چند، مولوی عبدالحق ، نظیر اکبر آبادی ، علامہ اقبالؒ

حصّہ د (تحریری کام)

سوال نمبر۱۴۔ مندرجہ ذیل عناوین میں سے کسی ایک عنوان کو چُن کر کم سے کم ڈیڑھ سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے:۔

موبائل فون کے فائدے اور نقصانات، کرونا وائرس اور تدابیر کھیلوں کی اہمیت، درختوں اور جنگلات کے فائدے

سوال نمبر۱۵۔ کشمیر میں موسم گرما کے پیشِ نظر باغوں اور پارکوں کی چہل پہل ہے۔ دنیا کے مختلف علاقوں سے لوگ آ کر یہاں کے نظاروں سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ اس موسم کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اپنے اسکول کے سربراہ کے نام ایکسکرشن جانے کی درخواست لکھئے۔

یا

کووڈ۔19 نے پوری دنیا کو پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔ لاکھوں لوگ مر رہے ہیں اور کروڑوں بیمار ہیں۔ آپ کا بڑا بھائی باہر ایک کالج میں زیرِ تعلیم ہے اس وبائی بیماری سے پریشانی کو ملحوظ رکھتے ہوئے اپنے بھائی کو خط لکھئے اور گھر واپسی کی دعوت دیجئے۔

سوال نمبر۱۶۔ نیچے دئے گئے درسی سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔

۱۔ فرش پر سے پتھر ہٹانے کے بعد شہزادے نے زمین کے اندر کیا دیکھا؟

۲۔ مزاج دار بہو کو بے وقوف بنانے کے لئے جن نے کیا کیا؟

۳۔ لڑکے کے لئے گڑیا کا خریدنا کیوں ضروری تھا؟

# پرچہ نمبر۹

جماعت: دسویں پرچہ: اردو

نمبرات: ۸۰ وقت: ۳ گھنٹے

## حصہ الف قرات

سوال نمبر۱۔ درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس کے آخر پر دی گئی خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجیے۔ (5x1=5)

تاج محل کا شمار دُنیا کے سات عجائبات میں ہوتا ہے۔ یہ بھارت کے شہر آگرہ میں واقع ایک مقبرہ ہے۔ اس کی تعمیر مغل بادشاہ شاہجہان نے اپنی ملکہ مُمتاز کی محبت کی یاد میں کروائی تھی۔ یہ عمارت 1632ء سے 1653ء تک مکمل ہوئی۔ اس کی تعمیر میں ساڑھے چار کروڑ روپے صرف ہوئے۔ اور بیس ہزار معماروں اور مزدوروں نے اس کی تکمیل میں حصہ لیا۔ اس عمارت کو ہر سال تقریباً ۳۰ لاکھ افراد دیکھنے آتے ہیں۔ محبت کی یہ لازوال نشانی شاعروں، ادیبوں، مصوروں اور فنکاروں کیلئے وجدان کا محرک رہی ہے۔

۱۔ تاج محل مغل بادشاہ۔۔۔نے تعمیر کروایا۔

۲۔ تاج محل بھارت کے شہر۔۔۔میں واقع ہے۔

۳۔ تاج محل کی تعمیر میں۔۔۔روپے صرف ہوئے۔

۴۔ تاج محل کو ہر سال تقریباً۔۔۔افراد دیکھنے کو آتے ہیں۔

۵ تاج محل حقیقت میں ایک۔۔۔ہے۔

سوال نمبر۲۔ درج ذیل شعری عبارت کو غور سے پڑھئے اور آخر پر اس سے متعلق دیے گیے سوالات کے جواب چُن لیجئے

ہمت کے شہسوار جو گھوڑے اُٹھائیں گے دُشمن فلک بھی ہوں گے تو سر کو جھکائیں گے
طوفان بُلبُلوں کی طرح بیٹھ جائیں گے نیکی کے زور اُٹھ کے بدی کو دبائیں گے

۱۔ ہمت کے شہوار کیا اٹھائیں گے؟

ا۔ طوفان ب۔ بلبلے ج۔ گھوڑے د۔ فلک

۲۔ نیکی کے زور اٹھ کے کس چیز کو دبائیں گے؟

ا۔ فلک ب۔ بدی ج۔ طوفان د۔ شہوار

۳۔ طوفان کس طرح بیٹھ جائیں گے؟

ا۔ فلک کی طرح ب۔ بلبلوں کی طرح ج۔ گھوڑوں کی طرح د۔ شہوار کی طرح

۴۔ لفظ ''شہوار'' کیا ہے؟

ا۔ اسم مکبّر ب۔ تصغیر ج۔ اسم صوت د۔ اسم آلہ

۵۔ چوتھے مصرعے میں نیکی اور بدی الفاظ آئے ہیں۔شاعر نے کونسی صنعت کا استعمال کیا ہے؟

ا۔ تکرار ب۔ تشبیہ ج۔ تضاد د۔ استعارہ

سوال نمبر۳۔ درجہ ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھئے اور آخر پر اس سے متعلق دیے گیے سوالات کے مختصر ترین جوابات لکھئے؟

دور حاضر میں مادہ پرستی کی وجہ سے انسان ایک مشین بن گیا ہے۔اس کا ذہن ہر وقت مصروفیت کا شکار ہے۔اس مادہ پرستی کی وجہ سے محبت، مروّت، ہمدردی، جذبہ ایثار اور بھائی چارے کا نشان تو کیا بُو تک بھی سونگھنے کو نہ رہی۔لوگ اپنے اپنے کاموں اور مشغلوں میں اس قدر مصروف ہیں کہ ہمسایہ کی خبر نہیں۔یہاں تک کہ گھر کے افراد بھی ایک دوسرے کے حال سے بے خبر ہیں۔حرص و ہوس نے انسان کو درندہ صفت بنا دیا ہے۔وہ یہ بھول چکا ہے کہ ایک دن مرنا بھی ہے۔

ا۔ دور حاضر میں انسان کس کی وجہ سے مشین بن گیا ہے؟

۲۔ انسان کا ذہن ہر وقت کس چیز کا شکار ہے؟

۳ لوگ کس چیز میں مصروف ہیں؟

۴۔ انسان کو کس چیز نے درندہ بنا دیا ہے؟

۵۔ انسان کیا بھول چکا ہے؟

## حصّہ ب قواعد

سوال۴۔ درج ذیل الفاظ کو ہدایات کے مطابق جملوں میں استعمال کریں: (5x1=5)

ا۔ اوراق (جملے میں اسطرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضع ہو جائے)

ب۔ دہی (جملے میں اسطرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضع ہو جائے)

ج۔ شریف (جملے میں اسطرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضع ہو جائے)

د۔ رومال (جملے میں اسطرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضع ہو جائے)

ہ۔ ادوار (جملے میں اسطرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضع ہو جائے)

سوال نمبر۵ درجہ ذیل حروف کی تعریف کیجئے اور مثالیں دیجئے؟ (2x2=4)

ا۔ حرف ندا ب۔ حرف تعجب

سوال۶ ہدایات کے مطابق جواب لکھئے (5x1=5)

ا اسلم گھر آیا

اس جملے میں لفظ ''اسلم'' کیا ہے؟

ا۔ مفعول ۲۔ فاعل ۳۔ صفت ۴۔ فعل

ب۔ آم بہت کھٹے تھے

اس جملے میں لفظ ''کھٹے'' کیا ہے؟

ا۔ فاعل ۲۔ صفت ۳۔ مفعول ۴۔ ضمیر

ج۔ رشید بہت تیز دوڑا

اس جملے میں لفظ ''دوڑا'' کیا ہے؟

۱۔ صفت ۲۔ مفعول ۳۔ فاعل ۴۔ فعل

د۔ امجد نے سانپ کو مارا

اس جملے میں لفظ ''سانپ'' کیا ہے؟

۱۔ فعل ۲۔ فاعل ۳۔ مفعول ۴۔ صفت

ہ۔ قلم کو میز پر رکھو

اس جملے میں لفظ ''میز'' کیا ہے؟

۱۔ مجرور ۲۔ مفعول ۳۔ مضاف ۴۔ مضاف الیہ

سوال نمبر ۷۔ درج ذیل محاورات میں سے دو کے جملے بنایئے۔ ( 2 )

ٹس سے مس نہ ہونا آسماں سر پر اٹھانا ہوائی قلعے بنانا چھٹی کا دودھ یاد آنا

سوال نمبر ۸۔ درجہ ذیل میں سے کسی ایک جملے کی ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام بھی لکھئے۔

زمین گول ہے مجید نے اکرم کو مارا

## حصہ ج ادب

سوال نمبر ۹۔ درجہ ذیل اصناف میں سے کسی ایک صنف پر روشنی ڈالئے (5x1=5)

ناول خاکہ نظم قصیدہ

سوال نمبر ۱۰ درج ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے۔

( 5 x 1 = 5 )

سیر چوتھے درویش کی عبرت بؤر کے لڈو

سوال نمبر ۱۱۔ درجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجئے (3x2=6)

الف۔ وہ کج روش نہ ملا راستی میں مجھ سے کبھو
نہ سیدھی طرح سے اُن نے میرا سلام لیا

یا

ب۔ دِل و دیدہ اہل عالم میں گھر ہے
تمہارے لئے ہیں مکاں کیسے کیسے
بِک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ
کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی

یا

آنسو تھے سو خشک ہوئے جی ہے کہ اُمڈ آتا ہے
دل پہ گھٹا سی چھائی ہے کھلتی ہے نہ برستی ہے
کس کو معلوم ملے خاک میں منتظر کتنے
اپنے آئینے چھپائے ہیں سکندر کتنے

یا

کتنی بھوکی ہے کتنی پیاسی ہے
زندگی دشت کربلا سی ہے

سوال نمبر۱۲۔درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔ (3 x 2 = 6)

الف۔ مفلسی آدمی کو کس کس طرح ستاتی ہے؟

ب۔ حضرت محمدؐ کیا پیغام لے کر آئے؟

ج۔ شہر آشوب سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر۱۳۔درج ذیل میں سے کسی ایک کے حالاتِ زندگی پر نوٹ لکھئے

میرامن۔ خواجہ غلام السیدین، شاد عظیم آبادی، نظیر اکبرآبادی ( 5 )

حصّہ د (تحریری کام)

سوال نمبر۱۴: آپ کے والد صاحب ایک اُستاد ہے۔اُن کا تبادلہ دور کسی دوسری جگہ ہوا ہے۔اب وہ گھر کے سبھی افراد کے ساتھ اسی جگہ مستقل سکونت اختیار کرنا چاہتے ہیں۔اپنے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام خارجہ سند اجرا کرنے کے لئے درخواست لکھئے۔

یا

آپکا چھوٹا بھائی کھیل کود میں زیادہ وقت صرف کرتا ہے۔وہ پڑھائی سے جی چراتا ہے۔اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھئے جس میں اُس سے پڑھائی کی طرف دھیان دینے کی نصیحت کی گئی ہو۔ ( 6 )

سوال نمبر۱۵۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر ڈیڑھ سو سے دو سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ ( 8 )

کھیلوں کی اہمیت ۔ میرا پسندیدہ استاد۔

کمپیوٹر۔ اخلاق انسان کا بہترین زیور ہے

سوال نمبر۱۶۔درج ذیل درسی سوالات کے جواب لکھئے۔( 3 x 2 = 6 )

۱۔ پنڈت چندر دھر اپنے پیشے سے کیوں بیزار تھے؟

۲۔ قومی اتحاد کے بارے میں مولانا حالؔی کا کیا خیال تھا؟

۳۔ بوڑھے نے لکڑہارے کے گھر آ کر اُس سے کیا کہا؟